28مارچ 2024ء

30اور 31مارچ 2024ء کو سرکاری وصولیوں / ڈیوٹیوں / ٹیکسوں کی وصولی کے لیے برانچیں کھلی رہیں گی

ٹیکس دہندگان کو سرکاری ڈیوٹیوں / ٹیکسوں کی ادائیگی میں سہولت دینے کی غرض سے فیصلہ کیا گیا ہے کہ **بینکوں کی وہ تمام برانچیں جو ہفتے کو کھلی رہتی ہیں**، وہ آلٹرنیٹ ڈیلیوری چینلز (اے ڈی سی) اوور دی کاؤنٹر سہولت (او ٹی سی) کے ذریعے ٹیکسوں کی وصولی میں سہولت دینے کی غرض سے **30مارچ 2024ء بروز ہفتہ اور 31مارچ 2024ء بروز اتوار کو توسیع شدہ بینکاری اوقات میں سہ پہر 4 بجے تک** کھلی رہیں گی۔

مزید برآں، میسرز نفٹ (NIFT) کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ ادائیگی کے تمسکات (instruments) **کی اسی دن کلیئرنگ / سیٹلمنٹ یقینی بنانے کے لیے 30مارچ 2024ء بروز ہفتہ اور 31مارچ 2024ء بروز اتوار سہ پہر 4 بجے خصوصی کلیئرنگ** کا اہتمام کرے۔ ٹیکس وصولیوں کے spill over کے مسئلے کو ختم کرنے کے لیے بینک اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ حکومتی وصولیوں سے متعلق کوئی بھی انسٹرومنٹ، جو مذکورہ دفتری اوقات میں جمع کرایا جائے گا، اسے برانچ کے کاؤنٹر پر نمٹایا جائے گا، اور اس کا اندراج **31مارچ 2024ء** کی مذکورہ خصوصی کلیئرنگ کی تاریخ میں کیا جائے گا۔

بینکوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس وقت تک اپنی متعلقہ برانچوں کو **30اور 31مارچ 2024ء** کو کھلا رکھیں گے، جب تک نفٹ کی جانب سے حکومتی ٹرانزیکشنوں کی خصوصی کلیئرنگ میں سہولت دینے کے لیے ضروری ہے۔

****